آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 14 جمادی الاول 1448 پیر 26 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 193

مقدس مقامات پر حملہ امت مسلمہ پر حملہ ہے، اسلامی تعاون تنظیم

مسلم دنیا کو ایک مضبوط اور ذمہ دارانہ موقف اپنانا ہوگا تاکہ حوثی شدت پسندوں کی سرکوبی اور مجرمانہ کارروائیوں کا خاتمہ ہو سکے، جنرل سیکریٹری

اسلامی مقدس مقامات پر حملوں کے خلاف عالمی برادری کی جانب سے فوری کارروائی اور ان حملوں کے ذمہ داروں کا محاسبہ ضروری ہے، اسماعیل بن شیخ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 231

مسلم دنیا کو حوثیوں کی سرکوبی کیلئے مضبوط موقف اپنانا ہوگا، او آئی سی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

LPG کے 2 جہاز پورٹ قاسم پہنچ گئے، قیمتوں میں کمی کا امکان

عمان سے مجموعی طور پر 7 ہزار 603 میٹرک ٹن مائع پیٹرولیم گیس پاکستان پہنچ گئی، ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

موٹروے پولیس کی ستمبر 2026 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری

ایک لاکھ 67 ہزار سے زائد مسافروں کو دوران سفر مدد فراہم کی گئی، ترجمان موٹروے پولیس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف پاکستان بھر کے ہونہار طلبا کیلئے 5 لاکھ کروم بکس اور Mifi ڈیوائسز کی تقسیم کے پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

عظیم سفر کا آغاز — ذہانت اور قابلیت قید نہیں ہونا چاہئے، وزیر اعظم شہباز شریف

ہونہار طلبا کو بااختیار بنانے کیلئے عظیم سفر کا آغاز کر رہے ہیں، ماضی میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کی زیر قیادت 6 لاکھ طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے

کروم بکس اور کتابوں کیلئے بیگ اور انٹرنیٹ مائی فائی بھی دیا جا رہا ہے تاکہ گھر کے اندر بیٹھ کر بھی وہ ای لائبریری سے استفادہ حاصل کر سکیں، تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

PTI نے حکومت کو دوبارہ احتجاج کی دھمکی دیدی

تحریک انصاف میں فارورڈ بلاک نہیں، اداروں کیخلاف یوٹیوبرز کے کسی بیانیے کا پی ٹی آئی سے تعلق نہیں، صوبائی سیکریٹری اطلاعات

پارٹی بیرسٹر گوہر کی قیادت میں متحد ہے، پارٹی مزاحمتی اور مفاہمتی سیاست کے بیچ کھڑی ہے، فیصلہ حکومتی رویہ پر ہوگا، پریس کانفرنس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28


اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے عوامی جمہوریہ چین کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

جرائم پیشہ گروہ نے بچوں کو آلہ کار بنا لیا

کم عمر لڑکوں کے ذریعے جیب تراشی کی وارداتوں کا انکشاف، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی، پولیس کارروائی جاری رکھنے کا دعویٰ

علاقہ مکینوں کا وارداتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار، شہریوں کی شکایات کے ازالے کیلئے مزید موثر اقدامات کی ضرورت پر زور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

پاکستان ریلوے — 172 ناکارہ انجنوں کی بحالی کا منصوبہ تیار، چار ماہ میں 36 انجن چلنے کا امکان

مجموعی طور پر 439 انجنوں میں سے صرف 267 فعال، 69 انجنوں کی مرمت کیلئے مینوفیکچررز سے رابطہ، جدید کاری کیلئے بھی اقدامات شروع کر دیئے

اسپیئر پارٹس کی فراہمی اور مرمت کے عمل کو تیز کرنے کی کوششیں، اقدامات کا مقصد دستیاب وسائل سے بہتر استفادہ کرنا اور ٹرین آپریشنز کی استعداد میں اضافہ کرنا ہے، ترجمان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

فتنہ الخوارج کا کمانڈر عادل شاہ عرف درویش مارا گیا

سیکیورٹی فورسز نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن میں فتنہ الخوارج کا دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش جہنم واصل کر دیا

دہشت گرد کمانڈر دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا اور 2024 سے دہشت گرد گروہ کے مالی معاملات کی نگرانی کر رہا تھا، سیکیورٹی ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

شہری سندھ کی نمائندگی پر متحدہ کا حق ہے، وسیم اختر

جماعت موروثی سیاست دانوں کا گروہ نہیں بلکہ متوسط طبقے کی نمائندہ تحریک ہے، مرکزی رہنما ایم کیو ایم پاکستان

این ایف سی ایوارڈ میں وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم نے ملک کو نقصان پہنچایا، سابق میئر کراچی کا تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35



کراچی، متحدہ رہنما وسیم اختر کراچی ٹاؤن کے زیر اہتمام عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

وفاق کے تعاون کے بغیر صوبہ نہیں چل سکتا، فیصل کریم کنڈی

وفاق کے ساتھ ہم آہنگی خوش آئند ہے اور صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ ہم وفاق کے ساتھ ایک پیج پر آ گئے ہیں

سب کو مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑنی ہے اور اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

کراچی کے ضلع ایسٹ میں 2 مبینہ پولیس مقابلے

2 زخمیوں سمیت 3 ملزمان گرفتار، جہانگیر روڈ پر مقابلے میں 2 ملزمان کو زیر حراست لے لیا

سپر ہائی وے پر ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ، گولیاں، موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

سرکاری اسپتالوں میں ایچ آئی وی کے بڑھتے کیسز، ملک میں طبی ایمرجنسی کا مطالبہ سامنے آگیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

پی آئی اے نے فضائی آپریشن میں اہم سنگ میل عبور کر لیا

بوئنگ 787 ڈریم لائنر پہلی بار پاکستان کے لیے استعمال ہوگا، ترجمان قومی ایئرلائن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

یورپ کے کئی ممالک میں مہنگائی کیخلاف مظاہرے، 11 افراد گرفتار

اٹلی، البانیہ، اسپین میں شدید جھڑپیں، پولیس کا آنسو گیس اور مرچوں کے اسپرے کا استعمال

مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپوں میں کئی افراد زخمی ہوگئے، حکومت مخالف نعرے

میر رضا قتل کیس، ڈپٹی ڈائریکٹر ارسلان منظور مشترکہ تحقیقاتی ٹیم میں ادارے کی نمائندگی کریں گے

اورنگی ٹاؤن میں خاتون اور 2 بچے بازیاب کرا لئے

نامزد ملزمان فرار ہوگئے، ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کے چھاپے جاری ہیں، ذرائع

پولیس نے ماریہ اور دونوں بچوں حسنین علی اور عبدالہادی کو بحفاظت بازیاب کرا لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32


نوشہرہ، گورنر فیصل کریم کنڈی وزیر اعظم کے مشیر پرائے داخلہ پرویز خٹک سے مانکی شریف میں ملاقات کر رہے ہیں


کراچی، لیاری کے علاقے بکرا پیڑی میں آصفہ بھٹو زرداری پارک خستہ حالی کا شکار ہے

فعال اجزا کی عدم موجودگی کا انکشاف — سندھ میں 6 ادویات کے 7 بیچز جعلی قرار

اینٹی بائیوٹکس سمیت مختلف ادویات کے نمونوں میں مطلوبہ اجزاء موجود نہیں تھے، ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری رپورٹ میں انکشاف

متعلقہ دواساز کمپنیوں نے بھی ان بیچز سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یہ مصنوعات ان کی تیار کردہ نہیں ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

کورنگی کے علاقے میں شوہر کی فائرنگ سے بیوی قتل، ملزم فرار

پولیس نے جائے وقوع سے گولیوں کے 5 خول برآمد کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی

سرکاری افسران کا روپ دھار کر شہریوں کو لوٹنے والے 2 ملزمان گرفتار

سرکاری محکموں میں تبادلوں اور تعیناتیوں کے نام پر رقم بٹورنے کا الزام، مقدمہ درج کر لیا

ملیر میں گھر سے 50 سالہ شخص کی پھندا لگی لاش برآمد

پولیس نے ابتدائی معلومات کی بنیاد پر واقعے کو خودکشی قرار دے دیا، ایس ایچ او سعود آباد

بیوی سے جھگڑے کے بعد انتہائی قدم اٹھانے کا شبہ، واقعے کی مزید تحقیقات جاری

ایچ آر سی پی کا ایمرجنسی اور گورنر راج ختم کرنے، وزیر اعلیٰ کی رہائی کا مطالبہ

مومن آباد، کورٹ میرج کے بعد دوسرے نکاح کا معاملہ

مومن آباد پولیس نے لڑکی بازیاب کرا لی، مبینہ ملزم گرفتار، مزید تفتیش جاری

لڑکی مبینہ طور پر دوسرے شخص سے رابطے میں تھی اور اس نے اس سے بھی نکاح کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

بچوں کی فحش ویڈیو پورنوگرافی کے ملزمان سے تفتیش میں اہم انکشافات ہوگئے

ناظم آباد میں پولیس کی فائرنگ سے نوجوان زخمی

پولیس اہلکار زخمی نوجوان کو اسپتال چھوڑ کر روانہ، ڈاکو سمجھ کر نوجوانوں پر فائرنگ کا الزام

پولیس کی گولی زخمی کی پیٹھ میں لگی، اہل خانہ کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ


کراچی، مہاجر قومی موومنٹ کے چیئرمین آفاق احمد کارکنان کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

”سیاست دھوکے اور فریب کا نام ہے، ہم سیاسی نہیں تحریکی ہیں“ آفاق احمد

اصولوں کی جدوجہد کیلئے حوصلہ اور ثابت قدمی ضروری ہے، ساتھ چلنے کا عزم ہے تو آگے بڑھیں ورنہ اللہ حافظ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

کراچی میں ٹریفک حادثات نے 2 جانیں لے لیں

جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت امتیاز اور نور احمد کے نام سے ہوگئی، ریسکیو ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریذیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

پاک ایران تعلقات اور علاقائی امن

ایران کے دارالحکومت تہران میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی اعلیٰ ایرانی قیادت سے ملاقاتوں اور پاک ایران سرحد کی بحالی نے جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کی سفارت کاری میں پاکستان کے لیے ایک اہم موقع پیدا کیا ہے۔ مشرق وسطیٰ افغانستان اور مجموعی طور پر جنوبی ایشیا کے موجودہ حالات کے تناظر میں یہ ملاقاتیں دوررس اثرات کی حامل ہیں۔ ادھر پاکستان کو بیک وقت متعدد حساس محاذوں پر اپنے قومی مفادات کا تحفظ کرنا ہے، جہاں ایک جانب سعودی عرب کے ساتھ دفاعی تعاون کی ذمے داریاں ہیں، وہیں ایران کے ساتھ تاریخی ہمسائیگی، سرحدی امن اور اقتصادی روابط بھی غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستان کی کامیابی کا پیمانہ صرف سفارتی رابطوں کی تعداد نہیں، بلکہ یہ ہوگا کہ وہ متحارب قوتوں کو تصادم سے دور رکھنے اور اپنے معاشی و تزویراتی مفادات محفوظ بنانے میں کس حد تک کامیاب ہوتا ہے۔ یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر ہونے والے حملوں نے بھی خطے کی صورت حال کو خاصا پیچیدہ بنا دیا۔ امریکا اور یورپ کے دارالحکومتوں میں بھی اس حوالے سے سفارتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ تہران اسی پیچیدہ علاقائی صورت حال میں اہمیت کا حامل ہے۔ میڈیا کی اطلاعات کے مطابق ایران کے صدر مسعود پزشکیان، ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور قومی سلامتی سے متعلق اعلیٰ حکام کے ساتھ ملاقاتوں میں علاقائی کشیدگی، جنگ بندی، دوطرفہ تعلقات اور ایران امریکا تنازع پر تبادلہ خیال ہوا ہے۔ ان ملاقاتوں کی اہمیت اس امر سے بھی بڑھ جاتی ہے کہ پاکستان پہلے ہی دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرانے اور سفارتی رابطوں کی بحالی کے لیے کوششیں کر چکا ہے۔ جون میں جنگ بندی کی عبوری پیش رفت کے بعد تنازع کا دوبارہ بھڑک اٹھنا اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ محض عارضی مفاہمت پائیدار امن کی ضمانت نہیں بن سکتی۔ جب تک بنیادی اختلافات کا قابل قبول حل تلاش نہیں کیا جاتا، جنگ بندی کا ہر انتظام نئے تصادم کے خطرے سے دوچار رہے گا۔ مشرق وسطیٰ کی صورت حال خاصے عرصے سے پیچیدہ چلی آ رہی ہے اور اب اس میں بہت زیادہ الجھاؤ پیدا ہو چکا ہے۔ اسی تناظر میں پاکستان کی مسلح افواج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ تہران اور وہاں اعلیٰ سطح پر ہونے والی ملاقاتوں کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ پوری دنیا کی نظریں اس پیش رفت پر لگی ہوئی ہیں اور وہ دیکھ رہی ہیں کہ معاملات کس کروٹ بیٹھتے ہیں۔ ایران کو بھی جنگ بندی کی اشد ضرورت ہے موجودہ صورت حال میں ایرانی قیادت کے تدبر اور دور اندیشی کا بھی امتحان ہے اور دوسری جانب یمن کے حوثیوں کی قیادت پر بھی یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے ایکشن کے نتائج پر بھی غور کریں۔

کراچی کے مسائل میں اضافہ

شہری بنیادی سہولتوں اور بہتر حکمرانی کے منتظر



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

کراچی میں منکی پاکس کے کیسز میں اضافہ

سندھ حکومت اور ادارہ صحت خاموش



بول کہ لب آزاد ہیں تیرے

تحریر: ڈاکٹر ایم آئی درانی

ویکا اسپتال میں 169 بچوں میں ایچ آئی وی کی تشخیص

سندھ حکومت کی خاموشی پر سوالات



تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

کراچی میڈیا پریس کلب سوشل ویلفیئر کا بنیادی مقصد صحافیوں کو درپیش مسائل کو حل کرنا ہے، محمد حکیم

ذہنی صحت کو نظر انداز کرنا معاشرتی بحران کو مزید سنگین بنا سکتا ہے، شمسہ مہ جبین

نوجوانوں کو نشے کی لت سے چھٹکارے کے لیے حکومت کی طرف سے بحالی مراکز قائم کیے جائیں

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا آخری مکمل افضل و اعلیٰ کلام ہے، طارق مدنی

کراچی میں فٹبال کے فروغ کے لیے معیاری اسپانسرز کی ضرورت ہے، عدنان عبدالصمد

فٹبال چیمپئن شپ کے راؤنڈ آف 32 کا آغاز جلد ہوگا، ڈراز پروفیشنل انداز میں منعقد کیے جائیں گے



وی اون پاکستان ہیومینٹیرین اینڈ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام احسن پیرا میڈیکل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے لیے منعقدہ پروگرام سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے نوکریوں کے لیے دربدر بھٹک رہے ہیں، زاہد اقبال

پکڑ و اور مار دو! جب انصاف کی فائل سرکاری دفتروں میں دفن ہو جائے

انصاف کا جنازہ اور ہمارے ادارے عدالت قتل قرار دے پھر انصاف کہاں کھڑا ہے؟





ریحان حنیف

عقائد و شعائر اسلام کا تحفظ امت مسلمہ کی دینی ذمہ داری ہے، مفتی فیض القادری

علماء کرام نئی نسل کی دینی و اخلاقی تربیت پر توجہ دیں، جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل

بے روزگاری اور مہنگائی نے غریب طبقے کی کمر توڑ دی ہے، محمد نعیم اقبال

لوک سہانا نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ واپڈا نے 27 گولڈ میڈلز کیساتھ جیت لی

مردوں میں نیوی کی دوسری، ایچ ای سی کی تیسری پوزیشن، ماریہ بی بی کا پانچ ہزار میٹر ریس میں نیا قومی ریکارڈ

ویمنز میں ایچ ای سی کی دوسری، سندھ کی تیسری اور نیوی کی چوتھی پوزیشن رہی، 4x400 ریلے میں دو سلور میڈل



Appreciation Certificate پیش کر رہے ہیں

شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے مشن کو بلاول بھٹو آگے بڑھا رہے ہیں، نعیم بخاری

پاک فوج نے ہر مشکل وقت میں ملک کی حفاظت کو یقینی بنایا ہے، جمال کھوکھر

ڈی کام اور بزنس ایڈمنسٹریشن کے رجسٹریشن جمع کرانے کا شیڈول جاری

بورڈ کے تسلیم شدہ قریبی کالج سے فوری رابطہ قائم کریں، ترجمان زوہیب احمد خان

سابقہ نمائندوں نے علاقے کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا، مفتی محمد علی جہانگیری

ہم ہر مشکل گھڑی میں اپنے فوجی بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، جمیل ضیا

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف پاک فوج کی کامیابیاں قابل فخر ہیں

سانحہ بہار 1946 تحریک پاکستان کا وہ خونی موڑ جس نے تاریخ بدل دی

سانحہ بہار تحریک پاکستان کی تاریخ کا انتہائی دردناک باب ہے۔ چیئرمین ایم کیو ایس سی

حکومت اور بلدیاتی ادارے فوری طور پر ٹاؤن کے ترقیاتی کاموں پر توجہ دیں، پیر شاہ صاحب



کراچی: بلیا انڈر 15 ورلڈ کپ میں حصہ لینے والی قومی ٹیم کا گروپ فوٹو



بقیہ نمبر 01 اطلاعات

گزارنے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں صحت مند تفریحی سرگرمیوں کا فروغ ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ شہری ثقافتی شناخت کو اجاگر کرنے اور شہریوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ایسے میلوں اور تقریبات کا انعقاد اہمیت رکھتا ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ کراچی کی رونقیں بحال کرنا اور شہر کو خوشیوں کا مرکز بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ شہر میں ثقافتی اور تفریحی سرگرمیوں کے انعقاد سے شہری زندگی میں مثبت تبدیلی لانے میں مدد ملے گی، جبکہ ایسے پروگرام شہریوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور خاندانی ماحول کو فروغ دینے کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ شہریوں کے لیے تفریحی مواقع میں اضافے کے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ بندر روڈ سے کیماڑی، خواتین اور خاندان میلہ 2026 خواتین کو بااختیار بنانے کے پیغام کے ساتھ کراچی کی ثقافت اور خاندانی تفریح کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ کراچی کی تاریخی ایمپریس مارکیٹ میں آنے والے دنوں میں عالمی بریانی فیسٹیول منعقد کیا جائے گا، جس کے بعد چائے اور مچھلی کے فیسٹیول کے انعقاد کا بھی ارادہ ہے۔ ہمارا مقصد شہریوں کو تفریح کے مواقع فراہم کرنا اور کراچی کے تاریخی ورثے کو دوبارہ زندہ کرنا ہے۔ ایمپریس مارکیٹ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ماضی میں یہاں گولیوں کی آوازیں سنائی دیتی تھیں، جبکہ آج اس مقام پر رونقیں اور خوشیوں کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ نوجوان نسل کراچی کے تاریخی ورثے کا رخ کرے اور ان مقامات سے شہر کی ثقافت اور تاریخ کو سمجھے۔ ماضی میں بوہرا فوڈ فیسٹیول منعقد کیا گیا، انہوں نے کہا کہ جب نیت صاف ہو تو منزل آسان ہو جاتی ہے۔ ہم اس تاریخی مقام کو مزید بحال بنائیں گے اور یہاں شہریوں کے لیے مختلف سرگرمیوں کے انعقاد کی ہر ممکن کوشش کریں گے، جبکہ آئندہ پروگرام میں موسیقی کی تقریب بھی منعقد کرنے کا ارادہ ہے۔ انہوں نے شہر میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے حوالے سے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کا فائدہ کسی ایک سیاسی جماعت کو نہیں بلکہ عام شہریوں کو ہوتا ہے۔ ناتھا خان لنک روڈ پر کام کے دوران وہ شہریوں کے چہروں پر خوشی دیکھتے ہیں، جبکہ سڑک بہتر ہونے سے پہلوان گوٹھ اور گلستان جوہر کے رہائشیوں کو بھی سہولت ملے گی

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے متعلقہ قومی و ریاستی اداروں اور حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے انتظامی مسائل، شہری حقوق اور بہتر طرزِ حکمرانی کو یقینی بنانے کے لیے شہر کو فوری طور پر ایک الگ انتظامی یونٹ بنانے کے معاملے پر سنجیدہ اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ شرکا نے موقف اختیار کیا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان، دہشت گردی اور بدعنوانی جیسے مسائل کے تناظر میں ہنگامی اقدامات کی ضرورت پر بات کی جاتی ہے، جبکہ کراچی سمیت سندھ کی ابتر صورتحال بھی فوری توجہ کی متقاضی ہے۔ اجلاس میں سندھ میں امن و امان، بدعنوانی کے الزامات، سیاسی کشیدگی اور شہریوں کے آئینی و قانونی حقوق کے حوالے سے شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں بعض سیاسی عناصر کی جانب سے ملک کی سلامتی کے خلاف مبینہ سرگرمیوں کی حمایت، دہشت گردی سے متعلق خدشات اور سیاسی مخالفین کے خلاف دھمکی آمیز بیانات کے حوالے سے بھی تحفظات پیش کیے گئے۔ شرکا نے مطالبہ کیا کہ ان معاملات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور اگر کسی فرد یا گروہ کے خلاف قانون شکنی کے شواہد سامنے آئیں تو اس کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شرکا نے اس بات پر زیادہ زور دیا کہ کراچی کے عوام کو اپنے آئینی حقوق کے حصول، بہتر انتظامی نظام اور موثر شہری سہولتوں سے محروم نہیں رکھا جانا چاہیے۔ اجلاس کے مطابق کراچی کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم، شفاف حکمرانی اور عوامی نمائندگی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ متعلقہ قرارداد اجلاس میں متفقہ طور پر قرارداد منظور کی گئی کہ

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

لنجار نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کی اولین ترجیح صوبے میں امن و امان کا قیام ہے۔ کچے کے علاقوں میں امن قائم کرنے کے لیے حساس اداروں، رینجرز اور سندھ پولیس کو مکمل تعاون فراہم کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے روہڑی کچے میں تین روزہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو، ڈپٹی کمشنر گھوٹکی منظور احمد، ڈی آئی جی سکھر ناصر آفتاب پٹھان، ایس ایس پی گھوٹکی محمد انور کھیتران، ونگ کمانڈر رینجرز فرحان علی، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر نثار احمد چانڈیو سمیت مختلف محکموں کے افسران اور کچے کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ ریاست ایک ماں کی حیثیت رکھتی ہے، ہم کسی کو تکلیف نہیں دینا چاہتے۔ کچے کے رہائشی ہمارے دل کے قریب ہیں، ہمیں صرف ان لوگوں سے نفرت ہے جو ظلم کرتے ہیں۔ جو قانون کو اپنے ہاتھ میں لے گا، ریاست اسے برداشت نہیں کرے گی۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے سکھر میں اجلاس منعقد کر کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا اور اس کے بعد سرینڈر پالیسی شروع کی گئی۔ اس پالیسی پر تنقید بھی ہوئی لیکن آج دیکھیے کہ روہڑی جیسے کچے کے علاقے میں مکمل امن و امان قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں محکمہ داخلہ سے متعلق قائمہ کمیٹی کی چیئرپرسن ادی فریال تالپور اور وزیر اعلیٰ سندھ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مسلسل سندھ پولیس کی حوصلہ افزائی کی اور اسے سہولیات فراہم کیں۔ آج ہم روہڑی کے کچے میں موجود ہیں، یہ سب سرینڈر پالیسی کے نتائج ہیں۔ ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ حکومت کچے کے علاقوں میں اسکول، ڈسپنسریاں اور مویشیوں کے اسپتال قائم کرنا چاہتی ہے۔ اس سلسلے میں حکمت عملی تیار کی جا رہی ہے تاکہ سیلاب کے دوران بھی ان عمارتوں کو نقصان نہ پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ کچے کے علاقوں کے بچے بھی مستقبل میں ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی بنیں۔ اس مقصد کے لیے کچے کے رہائشیوں کو اپنے حالات بہتر بنانے کے لیے ریاست کا ساتھ دینا ہوگا۔ تاہم، اگر کوئی لڑائی کرے گا تو ہم بھی مقابلہ کریں گے۔ وزیر داخلہ سندھ نے مزید کہا کہ گھوٹکی۔ کندھ کوٹ پل بہت جلد تعمیر ہو جائے گا جس سے علاقے میں خوشحالی آئے گی۔ یہ منصوبہ دونوں اضلاع کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ انہوں نے کچے کے علاقوں میں امن کے قیام کے لیے کردار ادا کرنے والے لاڑکانہ اور سکھر ڈویژن کے پولیس افسران کو شاباش بھی دی۔ اس موقع پر آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت کی سرینڈر پالیسی کے تحت تمام قانون پسند کرنے والے اداروں کے تعاون سے کچے میں امن قائم ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

سیاسی، سماجی، علمی و ادبی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اور مرحوم کی علمی، ادبی اور تحقیقی خدمات کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ان کی حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب "بھٹ جو زمیندار کی کہانی" کی تقریبِ رونمائی بھی کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈہرکی سے تعلق رکھنے والے سندھ کے نامور محقق اور ادیب محمد مٹھل ڈہر نے اپنی رہائش گاہ پر قائم لائبریری میں تاریخ سمیت مختلف موضوعات اور اصناف پر مشتمل تقریباً پندرہ ہزار کتابیں جمع کر کے محفوظ کر رکھی تھیں۔ ان کی یاد میں سندھی ادبی سنگت شاخ ڈہرکی کی جانب سے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈہرکی میں تعزیتی ریفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا۔ تلاوت کے بعد سندھی ادبی سنگت شاخ ڈہرکی کے سیکریٹری اور کالم نگار زاہد علی بھٹو نے استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور سائیں محمد مٹھل ڈہر کی علمی، ادبی اور تحقیقی خدمات پر مختصر روشنی ڈالی۔ تعزیتی ریفرنس کی صدارت سندھ کے نامور ادیب پروفیسر سرور سیف نے کی، جبکہ مہمانانِ خصوصی میں سیاسی و سماجی شخصیت اور ڈہرکی بار کے صدر جام عبدالفتاح کیھر، کالم نگار محمد سلیمان مہر اور اسسٹنٹ کمشنر میرپور ماتھیلو ڈاکٹر رانا حسیب احمد شامل تھے۔ اس موقع پر وکیل سلیم اختر، سید حسیر حیدر شاہ، نامور خطاط ڈاکٹر حسین چنجانی اور ایم یونس پٹھان، تعلیمی ماہر جمیل سومرو، حفیظ اللہ کھوسو سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سرور سیف، جام عبدالفتاح کیھر، پروفیسر عبدالحق چانڈیو، عبدالغفار سومرو، پروفیسر محمد ورین راجڑ، ادیب عبدالحق بھٹو، تاریخ دان حاجی علی حسن سومرو، رمضان بھٹو زادو، مرحوم محقق پروفیسر محمد مٹھل ڈہر کے صاحبزادوں انور علی ڈہر اور مظہر ڈہر، ان کے بھائی پٹھان ڈہر، ہم عصر لکھاری استاد عبدالقدیر کاکو، ماسٹر علی شر اور دیگر مقررین نے مرحوم کی شخصیت اور ان کی علمی، ادبی و تحقیقی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ استاد محمد مٹھل مہر کے چھوڑے ہوئے تحقیقی کام کو باہمی تعاون سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ اس سلسلے میں ان کے غیر مطبوعہ مواد کو مرتب کرنے، کتابوں کی اشاعت اور دیگر تحقیقی کاموں کو محفوظ بنانے کے لیے مختلف تجاویز اور مشورے بھی پیش کیے گئے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت مزمل اور حمزہ کیانیوں سے ہوئی، ملزمان خود کو اعلیٰ فوجی اور سرکاری افسران ظاہر کرتے تھے اور شہریوں کو فوج اور سرکاری محکموں میں اپنے اثر و رسوخ اور تعلقات کا جھانسہ دیتے تھے۔ ملزمان مبینہ طور پر شہریوں سے سرکاری محکموں میں تبادلوں، تعیناتیوں اور دیگر سرکاری امور انجام دلوانے کے نام پر رقوم وصول کرتے تھے، تاہم سرکاری کام کروانے کے جھوٹے وعدوں کے ذریعے شہریوں کو دھوکا دیا جاتا تھا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق دونوں ملزمان کو کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی سے گرفتار کیا گیا ہے، جبکہ ان کے خلاف مقدمہ نمبر 114/2026 درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے میں پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (پیکا) کی دفعات 13، 14 اور 16، ترمیم شدہ 2025، بمعہ دفعہ 109 تعزیرات پاکستان شامل کی گئی ہیں، ترجمان کا کہنا ہے کہ سائبر کرائم، جعل سازی، سرکاری و فوجی افسران کا روپ دھارنے اور شہریوں کو مالی فراڈ کا نشانہ بنانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

واضح رہے کہ بار سندھ ہائی کورٹ ایسوسی ایشن نے بار ہائی کورٹ ایسوسی ایشن اور کمیٹی روم سندھ ہائی کورٹ ایسوسی ایشن کو فری وائی فائی زون بنانے کا بھی اعلان کیا تاکہ عدالت آنے والے وکلا انٹرنیٹ کی سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ اس اقدام کا مقصد وکلا کو عدالتی امور، قانونی تحقیق اور ضروری معلومات تک فوری رسائی فراہم کرنا ہے۔ ظفر مین صدر دان نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا صدر دان انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سندھ ہائی کورٹ جیسے اہم قومی اور عدالتی ادارے میں سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی اعزازی سیکریٹری میڈم فریدہ منگریو نے ٹاؤن چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ کی جانب سے پارکنگ شیڈ اور فری وائی فائی کے اس اقدام پر سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر سندھ بار ایسوسی ایشن کی اعزازی سیکریٹری میڈم فریدہ منگریو، ممبر محمد سلیم منگریو، سندھ بار کونسل کے ممبر جہانگیر راہو، سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق اعزازی جوائنٹ سیکریٹری وسیم سیف کھوسو، سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی سابق کلنگ کمیٹی کے ممبر عزیز ڈاہو اور دیگر متعلقہ شخصیات موجود تھیں۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

مقصد خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور بیدار کرنا، جلد تشخیص کی اہمیت اجاگر کرنا اور مستند طبی معلومات تک رسائی کو فروغ دینا تھا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ بیماری کی علامات سے آگاہی، بروقت طبی مشورے اور مناسب علاج سے صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ سیمینار میں شرکا کی بڑی تعداد نے اس امر کو نمایاں کیا کہ خواتین کی صحت سے متعلق آگاہی کے لیے تعلیمی اداروں اور فلاحی تنظیموں کی مشترکہ کوششیں نہایت اہم ہیں۔ ایسے پروگرام خواتین کو اپنی صحت کے حوالے سے باخبر فیصلے کرنے اور بروقت طبی سہولیات سے استفادہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ مہمان خصوصی مسرت جبیں کی شرکت نے خواتین کی صحت کے مسائل کے حل کے لیے عوامی نمائندوں، طبی ماہرین، تعلیمی اداروں اور فلاحی تنظیموں کے درمیان مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ فاطمہ جمال میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن نے خواتین کی صحت کے تحفظ، طبی آگاہی کے فروغ اور تعلیم و شعور کے ذریعے امید کا پیغام عام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ سیمینار کے اختتام پر اس بات پر زور دیا گیا کہ بریسٹ کینسر سے بچاؤ، بروقت تشخیص اور موثر علاج کے لیے عوامی آگاہی اور اجتماعی کوششوں کو مزید فروغ دینا ضروری ہے۔ کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان جرنلسٹ یونٹی (PJU) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے کراچی کے معروف سماجی رہنما اور ہر دلعزیز شخصیت امتیاز الحق بخاری سے ان کے آفس میں اہم ملاقات اور عیادت کی۔ وفد کی قیادت PJU کے مرکزی چیئرمین سید تحسین کمال نے کی۔ وفد میں مرکزی صدر، اسرار ریگی، سندھ کے سینئر نائب صدر اعظم محمود بھلوی، نائب صدر کراچی امجد قریشی، جنرل سیکریٹری کراچی سلیم اللہ، سینئر رہنما عبدالکریم، جنید احمد اور دیگر عہدیداران و کارکنان کی بڑی تعداد شریک تھی۔ ملاقات نہایت خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوئی۔ وفد نے امتیاز الحق بخاری کی سماجی خدمات اور شہر قائد کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر PJU کے رہنماؤں نے امتیاز الحق بخاری کو سندھ کی ثقافت کی علامت اجرک کا تحفہ پیش کیا اور محبت و احترام کے اظہار کے طور پر پھولوں کے ہار پہنائے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

بقیہ نمبر 31 اطلاعات

بقیہ نمبر 32 اطلاعات

بقیہ نمبر 33 اطلاعات

بقیہ نمبر 34 اطلاعات

بقیہ نمبر 35 اطلاعات

بقیہ نمبر 36 اطلاعات

بقیہ نمبر 37 اطلاعات

بقیہ نمبر 38 اطلاعات

بقیہ نمبر 39 اطلاعات

بقیہ نمبر 40 اطلاعات

بقیہ نمبر 41 اطلاعات

کراچی کی تاریخی ایمپریس مارکیٹ میں خوشیوں کا میلہ

عالمی بریانی فیسٹیول کا اعلان

بندر روڈ سے کیماڑی فیملی فیسٹیول شہریوں کو تفریح کے بہتر مواقع فراہم کرے گا اور خاندانوں کو ایک ساتھ خوشگوار وقت گزارنے کا موقع ملے گا

عالمی بریانی فیسٹیول کے بعد پلا اور مچھلی کے میلوں کے انعقاد کا بھی ارادہ ہے، تاریخی مقام پر موسیقی کی تقریب بھی ہوگی۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب

کراچی (رپورٹ: محمد ساجد) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے تاریخی ایمپریس مارکیٹ میں بندر روڈ سے کیماڑی، خواتین اور خاندان میلہ 2026 کا بطور مہمان خصوصی افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر سٹی کونسل میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، سٹی کونسل اراکین اور دیگر بھی موجود تھے۔ منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ میلے کے انعقاد کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانے کے پیغام کو اجاگر کرنے کے ساتھ کراچی میں ثقافتی، سماجی اور خاندانی تفریحی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا اور خاندانوں کو صحت مند تفریحی مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بندر روڈ سے کیماڑی فیملی فیسٹیول شہریوں کو تفریح کے بہتر مواقع فراہم کرے گا اور خاندانوں کو ایک ساتھ خوشگوار وقت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1





رونق کچے میں امن سرینڈر پالیسی کا نتیجہ ہے، وزیر داخلہ سندھ

کچے میں امن کے لیے پولیس، رینجرز اور حساس اداروں کو مکمل تعاون دیا، ضیا لنجار

کچے میں اسکول، ڈسپنسریاں اور مویشیوں کے اسپتال قائم کرنے کا منصوبہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

برداشت سندھ کی تقریب، تقسیم تقرری نامہ

خدمتِ انسانیت اور سماجی فلاح کے عزم کی تجدید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) برداشت سندھ کے زیر اہتمام گزشتہ روز سندھ گورنمنٹ آفیسرز کلب، ماتحت آئی لینڈ کراچی میں تقرری ناموں کی تقسیم کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں تنظیمی عہدیداران اور ممبران نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران مختلف ذمہ داریاں سنبھالنے والے عہدیداران میں تقرری نامے تقسیم کیے گئے۔

کراچی گرینڈ الائنس کا مشترکہ اعلامیہ اجلاس و متفقہ قرارداد پیش

کراچی کو فوری طور پر الگ انتظامی یونٹ بنایا جائے، محمد اسلم خان

محسن نقوی کو قائد انتظامی یونٹ بنانے کا اعلان، عمران خان

صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

معروف تاجر و صنعتکار محمد دانش خان انتقال کر گئے،

سیاسی و کاروباری حلقوں کا اظہار افسوس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف تاجر و صنعتکار، سندھ ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن (سیسی) کی گورننگ باڈی کے رکن، کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے سابق صدر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے قومی اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر محمد دانش خان انتقال کر گئے۔

نامور محقق، ادیب اور مصنف محمد پنہل ڈہر کی یاد میں تعزیتی ریفرنس

تقریب میں سیاسی، سماجی، علمی و ادبی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی

اس موقع پر ان کی حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب 'بلھیے زمیندار کی کہانی' کی تقریب رونمائی بھی کی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

صوبہ ہزارہ ہمارا آئینی حق ہے نئے انتظامی صوبے بنائے جائیں

سردار محمد یوسف

کراچی میں ہزارہ قبائل مشاورتی کونسل اور صوبہ ہزارہ تحریک کے جلسے سے خطاب؛ 24 قبائل کے نمائندوں سمیت ہزارہ وال برادری کی بڑی تعداد شریک

ہزارہ کے عوام نے پاکستان کے لیے بڑی قربانیاں دی ہیں اور 2010 میں بھی نوجوانوں نے جانیں قربان کیں، مقررین کا پُرامن جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



عوامی مسائل کے حل کیلئے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لینگے

آصف جمال قریشی

پاکستان بنانے والوں کی اولادیں چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری سالک حسین کی قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے متحد و منظم ہو رہی ہیں

کورنگی میں استقبالیہ تقریب کے دوران میو، انصاری اور آرائیں برادری سمیت متعدد افراد نے مسلم لیگ (ق) میں شمولیت اختیار کر لی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

جناح اسپتال کا گائنی وارڈ A-9 خستہ حالی کا شکار، بحالی شروع نہ ہو سکی

چھتوں کا پلستر گرنے، بجلی کی بوسیدہ وائرنگ اور واش رومز کی خراب حالت سے مشکلات کا سامنا

شعبے کی سربراہ کی جانب سے انتظامیہ کو دو مرتبہ تحریری طور پر آگاہ کیے جانے کا انکشاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

پاک فوج کا روپ دھار کر لاکھوں بٹورنے والے 2 ملزمان گرفتار

ملزمان خود کو اعلیٰ فوجی اور سرکاری افسران ظاہر کرتے تھے اور شہریوں کو فوج اور سرکاری محکموں میں اپنے اثر و رسوخ اور تعلقات کا جھانسہ دیتے تھے، این سی سی آئی اے

سائبر کرائم، جعل سازی، سرکاری و فوجی افسران کا روپ دھارنے اور شہریوں کو مالی فراڈ کا نشانہ بنانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، حکام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

"سیاست دھوکے اور فریب کا نام ہے، ہم سیاسی نہیں تحریکی ہیں" آفاق احمد

اصولوں کی جدوجہد کیلئے حوصلہ اور ثابت قدمی ضروری ہے، ساتھ چلنے کا عزم ہے تو آگے بڑھیں، ورنہ اللہ حافظ

مہاجر برادری کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے باعث اس شہر میں ان کے احساسِ تعلق کو نقصان پہنچ رہا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21



کراچی پریس کلب کی ادبی کمیٹی کے زیر اہتمام محمد احمد شاہ کے اعزاز میں تقریب جو ہم پہ گزری، محمد احمد شاہ کی کہانی خود ان کی زبانی میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ آپ بیتی سناتے ہوئے

وکلا کو بہتر سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیح ہے، منصور احمد شیخ

چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں پارکنگ شیڈ کا افتتاح

اولڈ بار، نیو بار اور کمیٹی روم کو فری وائی فائی زون بنانے کا اعلان، وکلا کو قانونی تحقیق میں سہولت ملے گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



فاطمہ جمال میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام شعبہ عمرانیات، جامعہ کراچی کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے حوالے سے ایک اہم سیمینار میں لی گئی تصویر

جامعہ کراچی میں بریسٹ کینسر سے آگاہی سیمینار

بڑی تعداد میں شرکا کی شرکت

سندھ اسمبلی کی رکن مسرت جبیں نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، ڈاکٹر ماریہ اور ڈاکٹر عظمیٰ فیصل نے طبی آگاہی فراہم کی

خواتین کی صحت سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے تعلیمی اداروں اور فلاحی تنظیموں کی مشترکہ کوششیں ضروری ہیں، ماہرین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فاطمہ جمال میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام شعبہ عمرانیات، جامعہ کراچی کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے حوالے سے ایک اہم سیمینار 22 اکتوبر 2026 کو جامعہ کراچی کے آڈیو ویژول آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



محنت، عزم اور ثابت قدمی کامیابی کی کنجی ہیں، محمد احمد شاہ

کراچی پریس کلب کے پروگرام جو ہم پہ گزری میں آرٹس کونسل کے صدر کی شرکت، زندگی کے تجربات، پیشہ ورانہ جدوجہد میں درپیش مشکلات پر اظہار خیال

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے صدر احمد شاہ نے زندگی کے نشیب و فراز، پیشہ ورانہ مشکلات اور کامیابیوں کے اہم واقعات بیان کیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

خواتین میں کھیلوں کے فروغ کے لیے بیڈمنٹن ایونٹ کا انعقاد

بیڈمنٹن ایونٹ، کھلاڑیوں اور تماشائی خواتین کے لیے داخلہ اور رجسٹریشن بالکل مفت ہوگی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) کل بروز اتوار 25 اکتوبر 2026 ہومیوپیتھک ڈاکٹر حمیرا ملک، ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے خواتین کی صحت مند ایکٹیویٹیز اور خواتین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

ہر مشکل گھڑی میں صحافیوں کیساتھ کھڑا ہوں، امتیاز الحق بخاری

پاکستان جرنلسٹ یونٹی (PJU) کے وفد کی معروف بزنس مین و سماجی رہنما امتیاز الحق بخاری سے ملاقات اور عیادت

صحافی برادری میں اتحاد و یکجہتی کا فروغ اور پیشہ ورانہ مسائل کا حل PJU کی بنیادی ترجیحات ہیں، سید تحسین کمال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

حیدرآباد میں پرائس کنٹرول کمیٹیاں مکمل ناکام؟

مرغی کا گوشت 750 روپے کلو میں فروخت، انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

نیپال و افریقہ سے واپسی پر شیر خان کا ایئرپورٹ پر شاندار استقبال

لیاری کے بیٹے شیر خان نے عالمی سطح پر وطن کا پرچم سربلند کیا، سلیم عیسانی

ریسلر شیر خان نے ہمالین ٹائیگر اور تھرائی ٹائیگر کو ٹرانس تحریت میں شکست دی



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



پاکستان جرنلسٹ یونٹی (PJU) کا ایک اعلیٰ سطحی وفد ہر دلعزیز شخصیت سید امتیاز الحق بخاری سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کر رہے ہیں

جیکب آباد میں ایمبولینس نہ ملی، بچے کی لاش لوڈر رکشے میں لے جانے پر مجبور

متعدد شعبوں کی بندش اور مریضوں کو دوسرے شہروں میں ریفر کرنے کی شکایات، شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

بچے کی موت کے بعد لواحقین کو سرکاری ایمبولینس نہ مل سکی، سوگوار خاندان لاش لوڈر رکشے میں لے جانے پر مجبور



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

ایچ ایچ آر ڈی کا اسکلز ڈویلپمنٹ اینڈ لائیولی ہڈ ایوارڈ

ہیلپنگ ہینڈ فار ریلیف اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام کاروباری ترقی کیلئے 30 ٹول کٹس فراہم کی گئیں

تقریباً ایک ہزار مستفیدین کی معاونت جاری، کراچی ریجن میں 108 کاروباری منصوبے فعال ہیں

کراچی (رپورٹ: شہزاد احسن) ہیلپنگ ہینڈ فار ریلیف اینڈ ڈویلپمنٹ (HHRD) کے زیر اہتمام کراچی ریجن میں اسکلز ڈویلپمنٹ اینڈ لائیولی ہڈ ایوارڈ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

شاہ فیصل ٹاؤن میں اسکولز کے درمیان فٹسال ٹورنامنٹ کا آغاز آج ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومتی پبلک اسکول کراچی کے زیر اہتمام مختلف اسکولوں کے درمیان فٹسال ٹورنامنٹ کا انعقاد 29 اکتوبر سے 2 نومبر 2026 تک ہوگا۔

سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کے گھر چوری

پرسنل سیکرٹری طیب فضل کی درخواست پر تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا ہے

3 ایئر کنڈیشنر، 2 دروازے، 2 کھڑکیاں، قالین، کراکری، آرائشی اشیا چوری



راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کی رہائش گاہ پر چوری کی واردات ہوئی جس میں چور لاکھوں روپے مالیت کا سامان لے گئے۔ پولیس کے مطابق راولپنڈی میں جاتلی کے علاقے ادھوکی سب میں راجہ پرویز اشرف کی رہائش گاہ پر چوری کی واردات ہوئی، جس کا مقدمہ سابق وزیر اعظم کے پرسنل سیکرٹری طیب فضل کی درخواست پر تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق رہائش گاہ سے 3 ایئر کنڈیشنر، 2 دروازے، 2 کھڑکیاں، قالین، کراکری، آرائشی اشیا اور گھاس کاٹنے والی مشین چوری ہوئی۔ جب کہ رہائش گاہ کے مختلف مقامات پر تالے ٹوٹے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

تجاوزات کیخلاف بلاامتیاز کارروائی کیلئے

مشترکہ آپریشن کیا جائے، سید ذوالفقار شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

مشرقِ وسطیٰ کے حالات کا اثر پاکستانی معیشت پر بھی پڑ رہا ہے، سائیں سلیمان سومرو

عوام مہنگائی کے ہاتھوں پریشان حال ہے، غربت کی وجہ سے اسٹریٹ کرائمز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے

ہمارے حکمرانوں کو عوام کی خوشحالی اور وطن عزیز کی ترقی کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



کراچی ٹمبر مرچنٹ گروپ کے صدر سائیں سلیمان سومرو اور سینئر جرنلسٹ اسلم محمود دہلوی دوران بات چیت

آل پاکستان جمعیت العباس ویلفیئر سوسائٹی حیدرآباد زون کی اہم میٹنگ

میری اولین ترجیح برادری کے اتحاد کو مضبوط کرنا، تعلیم کو عام کرنا، نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دلانا ہے، شکیل عباسی

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) آل پاکستان جمعیت العباس ویلفیئر سوسائٹی حیدرآباد زون کی اہم میٹنگ مورخہ 23 اکتوبر 2026 بروز جمعہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



ہیلپنگ ہینڈ فار ریلیف اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام کاروبار کی ترقی کیلئے 30 ٹول کٹس فراہم کیے جا رہے ہیں